اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ ؕ اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

# فطرہ جمع کرنے کے مدنی پھول

**صدقۂ فطر کا شرعی حکم:** صدقہ فطر اُن تمام مسلمانوں مرد و عورت پر واجب ہے جو "صاحبِ نصاب" ہوں اور اُن کا نصاب حاجاتِ اصلیہ (یعنی ضروریاتِ زندگی مثلاً رہنے کا مکان، خانہ داری کا سامان وغیرہ) سے فارغ ہو۔

**صدقہ فطر ادا کرنے کی فضیلت اور نہ ادا کرنے کا وبال:** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے روزوں کو لغو (فضول) اور بے حیائی کی بات سے پاک کرنے کے لئے اور مسکینوں کو کھلانے کے لئے صدقۂ فطر مقرر فرمایا۔ (سنن ابی داوٗد، حدیث ۱۶۰۹) حدیث پاک میں ہے: جب تک صدقۂ فطر ادا نہیں کیا جاتا، **بندے کا روزہ زمین و آسمان کے درمیان لٹکا ہوا رہتا ہے۔** (تاریخ بغداد، حدیث 4735، فیضانِ رمضان مرمم، ص 313)

**دعوتِ اسلامی کی فطرہ جمع کرنے لئے اچھی اچھی نیتیں:** رضائے الٰہی اور ثواب کے لئے فطرہ جمع کروں گی، دعوتِ اسلامی کے جملہ دینی کاموں میں مالی معاونت کا سبب بنوں گی، فطرہ دینے والوں کے واجب کی درست ادائیگی کا ذریعہ بنوں گی، امیرِ اہلِ سنت دامت برکاتھم العالیہ کی دُعاؤں سے حصہ پاؤں گی۔

﴿1﴾ فطرہ ایک طرح کا نقد چندہ ہوتا ہے لہٰذا اس کے حصول کے لئے بھرپور کوشش کی جائے۔ (نگران شوریٰ 27 اپریل 2021) شعبہ اصلاحِ اعمال، مدرسۃ المدینہ (بالغات) کے تمام سطحوں کے ذمہ داران گھر گھر جا کر فطرہ جمع کرنے کی بھرپور کوشش فرمائیں۔

﴿2﴾ عاشقانِ رسول کو دعوتِ اسلامی کی چند شعبہ جات کا تعارف اور دنیا بھر میں ہونے والے مختلف دینی کاموں کا مختصر اًتعارف بتا کر دعوتِ اسلامی کے لئے فطرہ دینے کا ذہن بنایا جائے، ہاتھوں ہاتھ فطرہ وصول ہو جائے تو بہت بہتر ورنہ تاریخ لکھ لیں اور مقررہ تاریخ پر فطرہ وصول کرنے کے لئے پہنچ جائیں۔

﴿3﴾ ملاقات کے دوران چند شعبہ جات کا تعارفی بروشر بھی تقسیم کیا جائے۔ (یہ بروشر فنانس ڈیپارٹمنٹ / ریجن آفس سے لیا جاسکتا ہے)

﴿4﴾ فطرے کی ادائیگی 4 طرح سے ہوتی ہے: "(1) کشمش (2) کھجور (3) جو شریف (4) گندم"۔ زیادہ رقم جس قسم کی بنتی ہو، اس سے فطرہ ادا کرنی کی ترغیب دلائی جائے۔ جیسے کشمش تاکہ فطرہ دینے والوں کو راہِ خدا میں زیادہ خرچ کرنے کا ثواب ملے۔ (صدقۂ فطر کی مقدار: گندم یا اس کا آٹا: 2 کلو میں 80 گرام کم ☆ جو شریف یا اِس کا آٹا: 4 کلو میں 160 گرام کم ☆ کھجور یا کشمش: 4 کلو میں 160 گرام کم)۔

**مدنی پھول:** صدقۂ فطر کی ادائیگی کے لئے بتائی گئی اشیاء (کشمش، کھجور، جو شریف، گندم) کی جگہ اس کی قیمت بھی دی جاسکتی ہے۔

﴿5﴾ رہائشی یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی)، خاندان دیگر جان پہچان والے اور دعوتِ اسلامی سے منسلک تمام اہلِ محبت کی فہرست بنا کر رابطے کر کے فطرہ وصول کرنے کی کوشش کیجئے لاکھوں افراد ایسے ہوں گے جو ایک ہی گھر سے بڑی رقم کا فطرہ (مثلاً 15 سے 20 ہزار) ادا کر سکتے ہوں گے۔ ایسوں سے بھی ملاقات وانفرادی کوشش کی جائے۔

﴿6﴾ کوشش کی جائے کہ **ماہِ رمضان میں ہی فطرہ وصول کر لیا جائے** تاکہ چاند رات سے قبل ہی زیادہ سے زیادہ فطرہ وصول ہو جائے۔ (یاد رہے: جس طرح زکوٰۃ کی ادائیگی پیشگی ہو سکتی ہے، اسی طرح فطرے کی ادائیگی بھی پیشگی ہو سکتی ہے)۔

﴿7﴾ **نگرانِ ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ):** فطرے کے بستوں کے لئے دعوتِ اسلامی سے منسلک تمام عطیات بکس کے ذمہ داران کی فہرست بنائیں، ان مدنی پھولوں کی روشنی میں باقاعدہ تربیت فرمائیں اور مختلف سنتوں بھرے اجتماعات پر فطرے کے بستوں کی ترکیب بنائیں۔ اگر تمام ذمہ داران مل کر منظم طریقے سے فطرہ وصول کرنے میں کامیاب ہو گئے تو اللہ پاک کی رحمت سے دیگر عطیات کے ساتھ ساتھ فطرے کی مد میں بھی بہت زیادہ عطیات جمع ہو سکتے ہیں۔ ان شآءَ اللہ الکریم

﴿8﴾ جہاں جہاں عطیات بکس (donation box) رکھے ہوں، ان سے اور ان کے ذریعے دیگر اسلامی بہنوں سے بھی فطرہ لیا جائے۔

فطرے و زکوٰۃ کے محتاط الفاظ و تحریر: اپنے عطیات دعوتِ اسلامی کو دیجئے، آپ کے چندے یعنی ڈونیشن کو کسی بھی جائز، دینی، فلاحی، روحانی، خیر خواہی، بھلائی اور آمدن بڑھانے کے جائز اور محفوظ کام میں لگایا جاسکتا ہے تاکہ اخراجات کو پورا کیا جاسکے۔

﴿9﴾ فطرہ بکسز اور ان بکسز میں موجود رقم کی حفاظت کا انتظام ہو۔

﴿10﴾ فطرہ بکسز جلد از جلد کھلوا کر ان کی ادائیگی کروائی جائے۔ تاخیر کی اجازت نہیں۔

﴿11﴾ فطرہ بکسز پر صرف یہ عبارت تحریر کریں "فطرہ برائے دعوتِ اسلامی"۔

﴿12﴾ فطرہ بکسز پر صدقۂ فطر کا وہی محتاط ریٹ رکھا جائے کہ جو اس ملک میں اس سال فائنل ہوا ہے اور ساتھ ہی سن بھی لکھیں

﴿13﴾ **اہم شرعی مسئلہ:** فطرے کا بستہ لگاتے وقت یہ احتیاط ضرور کی جائے کہ صدقاتِ واجبہ (زکوٰۃ، فطرہ وغیرہ) اور صدقاتِ نافلہ ہرگز ہرگز مکس (mix) نہ ہوں۔